Hampshire County Council
Ethnic Minority and Traveller Achievement Service

16 سال کی عمر کے بعد کثیر لسانی طلبہ کے لیے تعلیمی راستے اور سہولیات

16 سال کی عمر کے بعد کے تعلیمی راستوں کے انتخاب کے لیے اہم تجاویز

16 سال کی عمر کے بعد کسی طالب علم کے لیے کوئی ایک مقررہ راستہ نہیں ہوتا، اس لیے اس مرحلے پر مواقع بہت وسیع ہوتے ہیں۔ لہٰذا نوجوانوں کے لیے مفید ہے کہ وہ اپنے اختیارات کے بارے میں کسی کیریئر مشیر سے رہنمائی حاصل کریں۔

16 سال کی عمر کے بعد تعلیم فراہم کرنے والے اداروں کی اپنی مخصوص داخلے کی شرائط ہوتی ہیں، اس لیے داخلے کے تقاضوں کا تعین کرنے کے لیے انفرادی اداروں سے رابطہ کرنا فائدہ مند رہتا ہے۔

کثیر لسانی طلبہ کے منفرد پس منظر اور سابقہ تعلیمی تجربات کی وجہ سے انہیں رعایت دی جا سکتی ہے۔

16 سال کے بعد کے طلباء کے لیے اختیارات

طلبہ کے لیے 19 سال کی عمر تک کسی نہ کسی شکل میں تعلیم یا تربیت حاصل کرتے رہنا ضروری ہے۔ یہ اس طرح ہو سکتا ہے۔

- (full-time education) کل وقتی تعلیم (مثلاً کالج میں)
- اپرنٹس شپ (تربیتی ملازمت)
- (part-time education) جز وقتی تعلیم یا تربیت کے ساتھ ساتھ ملازمت کرنا، خود روزگار ہونا یا ہفتے میں 20 گھنٹے یا اس سے زیادہ رضاکارانہ کام کرنا، بشرطیکہ برطانیہ میں کام کرنے کا حق حاصل ہو۔

فنڈنگ کی اہلیت

انگلینڈ میں قانونی طور پر مقیم زیادہ تر16 سے 19 سال کی عمر کے نوجوان اسٹڈی پروگرام کی فنڈنگ کے اہل ہوں گے۔ حکومت نے '16 سے 19 تک کی تعلیم: فنڈنگ گائیڈنس(www.gov.uk/' میں محدود مستثنیات کا تعین کیا ہے۔ بنیادی استثناء وہ طلباء ہیں جن کی برطانیہ میں رہائش کی بنیادی وجہ کسی فیس ادا کرنے والے اسکول میں تعلیم حاصل کرنا ہو۔

دستیاب اہلیتیں کیا ہیں؟

انٹری لیول

انٹری لیول کی اہلیتیں، جیسے ESOL (انگریزی برائے غیر انگریزی بولنے والے افراد)، ایسے طلبہ کو جن کے پاس زیادہ یا کوئی GCSEs نہ ہوں، عملی زبان کی مہارتیں فراہم کر سکتی ہیں جن کی انہیں کام کے لیے ضرورت ہوتی ہے۔ ESOL مستقبل کے کورسز یا متبادل راستوں تک رسائی کے لیے زبان کی مہارتوں کو فروغ دینے میں بھی مدد کر سکتا ہے۔

لیول 1

لیول 1 کی اہلیتیں، مثلاً فاؤنڈیشن ڈپلومہ اور لیول 1 کے فنکشنل اسکلز، GCSEs کے گریڈ 1 سے 3 کے برابر ہوتی ہیں۔ یہ کورسز طلبہ کو عملی مہارتیں فروغ دینے میں مدد دیتے ہیں۔ اس کے بعد طلبہ لیول 2 کے کورس کی طرف پیش رفت کر سکتے ہیں ۔

لیول 2

وہ طلباء جنہوں نے GCSE میں گریڈ 3-1 حاصل کیے ہیں وہ لیول 2 کی اہلیت جیسے کہ اپرنٹس شپ، لیول 2 میں فنکشنل سکلز، مزید GCSEs یا اعلیٰ ڈپلومہ مکمل کر سکتے ہیں آجر(Employers) عموماً لیول 2 کی اہلیتوں کا مطالبہ کرتے ہیں۔-

لیول 3

لیول 3 کی اہلیتیں جیسے A-Levels اور T-Levels اُن طلبہ کے لیے زیادہ موزوں ہو سکتی ہیں جنہوں نے GCSEs میں کم از کم گریڈ 4 حاصل کیا ہو۔ A-Levels تعلیمی مضامین پر توجہ مرکوز کرتے ہیں جیسے زبانیں، حیاتیات، طبیعیات، ریاضی، موسیقی، آرٹ۔ لیول 3 پر ایڈوانسڈ اپرنٹس شپس بھی دستیاب ہوتی ہیں۔

T- لیولز

T لیولز انگلینڈ میں 16-19 سال کے بچوں کے لیے دو سالہ، GCSE کے بعد کی تکنیکی اہلیت ہے ۔ وہ تین A لیولز کے برابر ہیں اور آجروں کے تعاون سے تیار کیے گئے ہیں۔ T لیولزمیں کلاس روم کی تعلیم کو کم از کم 315 گھنٹے (تقریباً 45 دن) کی عملی صنعتی تربیت کے ساتھ یکجا کیا جاتا ہے تاکہ طلبہ کو ہنر مند ملازمت یا اعلیٰ تعلیم کے لیے تیار کیا جا سکے۔T لیولز، A Levels اور اپرنٹس شپس کا متبادل ہیں، جو کہ مخصوص صنعتوں جیسے ڈیجیٹل، انجینئرنگ اور صحت کے لیے پیشہ ورانہ مہارتوں پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔

اپرنٹس شپس

اپرنٹس شپس نوجوانوں کو ملازمت میں عملی تربیت کے ساتھ مزید مطالعہ کو یکجا کرنے کا موقع فراہم کرتی ہیں۔ ایک اپرنٹس کے طور پر، نوجوان لوگ

- تجربہ کار عملے کے ساتھ مل کر کام کریں۔
- ملازمت سے متعلق مہارت حاصل کریں۔
- اجرت حاصل کریں اور چھٹی کی تنخواہ حاصل کریں۔
- اپنے کردار سے متعلق مطالعہ کے لیے وقت حاصل کریں (عام طور پر ہفتے میں ایک دن)

اپرنٹس شپ کی مختلف سطحیں دستیاب ہوتی ہیں، جن میں سے ہر ایک کے لیے سابقہ تعلیمی قابلیتوں اور تجربے کے لحاظ سے داخلے کی الگ شرائط ہوتی ہیں۔

اپرنٹس شپ کے لیے درخواست دینے کے لیے نوجوانوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ

- گرمیوں کی تعطیلات کے اختتام تک 16 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہوں۔
- انگلینڈ میں رہائش پذیر ہوں۔
- کل وقتی تعلیم حاصل نہ کر رہے ہوں۔

اپرنٹس شپ کے مواقع سرکاری ویب سائٹ پر دیکھے جا سکتے ہیں۔

Hampshire County Council
Ethnic Minority and Traveller Achievement Service

GCSE انگلش لینگویج اور ریاضی کے امتحانات دوبارہ دینے کی شرط

وہ طلبہ جو GCSE انگلش لینگویج اور/یا ریاضی میں گریڈ 4 یا اس سے زیادہ حاصل نہیں کر پاتے، انہیں GCSE کا امتحان/ امتحانات دوبارہ دینا ہوں گے یا ممکنہ طور پر انگلش اور/یا ریاضی میں کوئی متبادل اہلیت مکمل کرنا ہوگی۔

- کل وقتی طلبہ جنہوں نے GCSE ریاضی اور/یا GCSE انگلش میں گریڈ 3 حاصل کیا ہو اگر وہ کسی اسکول یا کالج میں اپنی کل وقتی تعلیم جاری رکھنا چاہتے ہیں تو انہیں یہ GCSE امتحانات دوبارہ دینا ہوں گے۔
- کل وقتی طلبہ جنہوں نے GCSE میں گریڈ 2 یا اس سے کم حاصل کیا ہو، اور جزوقتی طلبہ جنہوں نے ریاضی اور/یا انگلش میں GCSE گریڈ 3 حاصل کیا ہو، وہ GCSE یا کسی منظور شدہ مرحلہ وار اہلیت میں سے کسی ایک کا انتخاب کر کے تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔ منظور شدہ مرحلہ وار تعلیمی اہلیتوں میں فنکشنل اسکلز کی قابلیت بھی شامل ہے۔

مزید تعاون کے لیے

نیشنل کریئرز سروس سیکھنے، تربیت اور کام کے سلسلے میں مناسب فیصلہ کرنے میں مدد کے لیے معلومات، مشورہ اور رہنمائی فراہم کرتی ہے۔ کریکولم ویٹا (سی وی) اور کورنگ لیٹر لکھنے، درخواست فارم بھرنے اور انٹرویو میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے بارے میں مشورہ دینے میں بھی مدد ملتی ہے۔ نیشنل کیریئر سروس سے رابطہ کرنے کے کئی مختلف طریقے ہیں۔

ہیمپشائر فیوچرز جو ہیمپشائر کاؤنٹی کونسل کے بچوں کی خدمات کے شعبے کا حصہ ہے، ان 24 - 16 سال عمر کے نوجوانوں کو بھی مدد فراہم کرتا ہے جو تعلیم، ملازمت یا تربیت میں شامل نہ ہوں۔

ہماری ویب سائٹ پر مکمل رہنمائی میں دیگر مفید خدمات اور ویب سائٹس کے مزید لنکس بھی فراہم کیے گئے ہیں۔

اس کے علاوہ، حکومتی ویب سائٹ ان حالات کا تعین کرتی ہے جن میں مالی مدد دستیاب ہو سکتی ہے۔

Hampshire County Council
Ethnic Minority and Traveller Achievement Service

مزید معلومات کے لیے

ہمارے موڈل http://emtas.hias.hants.gov.uk/ پر ہمارے بلاگ اور دیگر وسائل تک رسائی حاصل کریں۔

LinkedIn پر Hampshire-EMTAS کو فالو کریں۔

مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں www.hants.gov.uk/emtas